فتح اسپورٹس ویئر لمیٹڈ

اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ **فتح اسپورٹس ویئر لمیٹڈ** کے حصص یافتگان کا 43 واں سالانہ اجلاس عام بروز جمعرات مورخہ 26 نومبر 2026ء کو صبح 9:00 بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس بمقام میر پور خاص روڈ حیدر آباد درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

1 - کمپنی کے گذشتہ سالانہ اجلاس عام منعقدہ 27 اکتوبر 2025ء کی کاروائی کی توثیق۔
2 - 30 جون 2026ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے مع ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹوں کی وصولی، غور اور منظوری۔
3 - 30 جون 2027ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے صلہ خدمت کا تعین۔
4 - صدر نشین کے اجازت سے دیگر کسی امور کی انجام دہی۔

حیدر آباد:
5 نومبر 2026ء

حسب الحکم بورڈ
برائے **فتح اسپورٹس ویئر لمیٹڈ**
دستخط: غوث محمد خان کمپنی سیکریٹری

نوٹ:

1- کمپنی کی منتقلی حصص کی کتابیں 7 یوم کے لیئے از 20 تا 26 نومبر 2026ء (بشمول ہر دو یوم) بند رہیں گی۔
2 - کمپنی کا کوئی بھی ممبر جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حقدار ہے، کمپنی کے کسی دوسرے ممبر کو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے اپنا/ اپنی پراکسی مقرر کر سکتا/ سکتی ہے۔
3 - پراکسیز کے موثر ہونے کے لئے لازمی ہے کہ یہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل موصول ہو جائیں۔
4- وہ شئر ہولڈرز جو ووڈیو کانفرنس کے ذریعے اے جی ایم میں شرکت کے خواہاں ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا شناختی کارڈ نمبر، فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس کا اندراج کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اے جی ایم کے وقت سے کم از کم 24 گھنٹے پہلے کرادیں۔
5- جو ممبران سالانہ گوشوارے بذریعہ ای میل حاصل کرنا چاہتے ہوں وہ کمپنی کی ویب سائٹ سے "ممبر رضامندی فارم" پُر کر کے ساتھ میں اپنا کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور اگر ان کے پتہ میں کوئی تبدیلی ہے تو فوری طور پر کمپنی کے شئر رجسٹرار کو ارسال فرمائیں۔ کمپنی کے اکاؤنٹس اس ویب لنک کے ذریعے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔
https://fatehsports.com/wp-content/uploads/2025/10/FSWL-BALANCE-SHEET-2025.pdf
6- سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کے سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 کی ہدایات کے مطابق عمل کریں۔